ilmkidunya

Principles of Banking (Urdu Medium) - ICom Part 2 Principles of Banking Urdu Medium Chapter 11 Short Questions Test

Q1. بنک کے اعتباری خطوط کی کتنی اقسام ہیں.

Ans 1: تجارتی اعتباری خطوط - زاتی یا نجی اعتباری خطوط

Q2. گردشی نوٹ سے کیا مراد ہے.

Ans 1: گردشی نوٹ سرکلر نوٹ ایک ایس غیر تحویل پذیر آلہ اعتبار ہے جو کوئی بنک دوسرے ممالک میں موجود اپنی تمام شاخوں یا دفاتر کے نام جاری کرتا ہے. یہ نوٹ دوران سفر سیاحوں کو مختلف مالی سہولیات فراہم کرنے کے لیے جاری کیا جاتا ہے.

Q3. زاتی اعتبار خط کی اقسام بتائیں.

Ans 1: سیاح کا اعتباری خط - گردشی خط یا سکلر نوٹ - سفری چیک - کریڈٹ کارڈز

Q4. تجارتی اعتباری خط کھولنے کے مدارج بتائیں.

Ans 1: درآمدی لائنسنس - معاہدہ فروخت - دستاویزات کی تیاری - بنک سے رابطہ - درخواست فارم - فارم کی چیکنگ - درآمد کنندہ سے حلف - متناسب رقم کی وصولی - تجارتی اعتباری خط کا اجراء- اعتباری خط کی تصدیق.

Q5. منی آرڈر کی تعریف کریں.

Ans 1: ایسا حکم نامہ جو ایک ڈاک خانہ دوسرے ڈاک خانے کو رقم کو ادائیگی کے لیے جاری کرتا ہے منی آرڈر کہلاتا ہے.

Q6. سیاح کا اعتباری خط کن لوگوں کو جاری کیا جاتا ہے.

Ans 1: سیاح کا اعتباری خط ایسے لوگوں کو جاری کئے جاری کئے جاتا ہے جو سیاحت کی غرض سے دوسرے ملک میں جانا چاہتے ہیں.

Q7. تجارتی اعتبار خط کے فوائد بتائیں.

Ans 1: بنک کی آمدنی - بنک کے کھاتوں میں اضافہ - بین الاقوامی تجارت کی ترقی - قانونی تحفظ - نقصان کی تلافی - یقینی ادائیگی

Q8. آئی - او - یو کی تعریف.

Ans 1: یہ ایک تحریری دستاویز ہے جس میں مقروض یہ الفاظ لکھتا ہے کہ جس کا مطلب ہے کہ میں آپ کا مقروض ہوں اس تحریر میں نہ تو مدت کا زکر ہوتا ہے اور نہ ہی رقم ادا کرنے کا وعدہ ہوتا ہے.

Q9. منی آرڈر اور پوسٹل آرڈر کے فریق بتائیں.

Ans 1: رقم بھجنے والا - مرتب کنندہ - مرتب الیہ - وصول کنندہ

Q10. بنک تجارتی اعتباری خط سے کیا مرا دہے.

Ans 1: تجارتی اعتباری خط خریدار کی بنک کی طرف سے ایک گارنٹی یا عہد ہوتا ہے. جس میں اس بات کا یقین دلایا جاتا ہے کہ اس کے نام جو ڈرافٹ کیا جائے گا اسے وہ قبول کرے گا بشرطیہ کہ اس کی قم مقررہ رقم سے زیادہ نہ ہو.